Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Department of Social Services

# CityFHEPS سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات
## (محکمہ برائے بے گھر افراد سے متعلق خدمات یا ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن کی پناہ گاہوں یا سڑک پر بے گھری کا سامنا کرنے والے باشندوں کے لیے)
## (Urdu)

یہ دستاویز CityFHEPS کے پروگرام کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ دستاویز ان گھرانوں کے لیے ہے جو فی الحال پناہ گاہ میں نہیں ہیں یا جنہیں سڑک پر بے گھری کا سامنا ہو رہا ہے اور پہلی بار CityFHEPS کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔ یہ CityFHEPS کے پروگرام کے عمل کے بارے میں پوری تفصیلات فراہم کرنے کے ارادے سے نہیں ہے۔

**CityFHEPS کیا ہے؟**
CityFHEPS رہائش تلاش کرنے اور برقرار رکھنے میں افراد اور اہل خانہ کی مدد کرنے کے لیے کرایے میں اعانت کا ایک پروگرام ہے۔ اس کا بندوبست محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) کے ذریعہ کیا جاتا ہے جس میں محکمہ برائے بے گھر افراد سے متعلق خدمات (Department of Homeless Services, DHS) اور ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) شامل ہیں۔

**اگر میں HRA یا DHS کی پناہ گاہ میں ہوں تو کیا مجھے CityFHEPS مل سکتا ہے؟**
فی الحال پناہ گاہ میں رہنے والا ہر فرد یا خاندان پروگرام کے لیے اہل قرار نہیں پائے گا۔ اگر آپ DHS یا HRA شیلٹر سے باہر منتقل ہو رہے ہیں، تو آپ کی فیمیلی اس رہائش گاہ میں نہیں رہنی چاہئے جس میں آپ اب پچھلے سال کے اندر کسی بھی وقت منتقل ہو رہے ہیں۔

CityFHEPS پانے کے لیے، آپ کے گھرانے کو درج ذیل اہلیتی شرائط پورا کرنا ضروری ہے:

a. مجموعی آمدنی لازمی طو پر وفاقی سطح افلاس کے 200% پر یا اس سے نیچے ہو*،
b. نقد اعانت پر ہوں، اگر اہل ہوں؛
c. FHEPS سمیت، کرایے میں اعانت کے کسی دیگر پروگرام کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہوں؛

★ اگر آپ اقل اجرت کمانے والے تنہا بالغ ہیں اور کم سے کم 35 گھنٹے فی ہفتہ کام کرتے ہیں تو، آپ کی مجموعی آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 200% سے زائد ہو سکتی ہے۔

**اور**

1. اسے مندرجہ ذیل ضروریات میں سے ایک کو پورا کرنا **ضروری** ہے:
   a. DHS شیلٹر میں رہنے والی فیمیلی ہو*؛ **یا**
   b. DHS شیلٹر میں رہنے والے اکیلے بالغ ہوں*؛
   c. HRA شیلٹر کا رہائشی ہو*؛
   d. DHS شیلٹر میں رہتا ہو اور HRA شیلٹر کا اہل ہو*؛

★ اگر آپ DHS یا HRA شیلٹر سے باہر منتقل ہو رہے ہیں، تو آپ کی فیمیلی اس رہائش گاہ میں نہیں رہنی چاہئے جس میں آپ اب پچھلے سال کے اندر کسی بھی وقت منتقل ہو رہے ہیں۔

**اور**

**(صفحہ پلٹیں)**

2. درج ذیل اضافی تقاضوں میں سے **ایک** کو **بھی** پورا کرتا ہو:

a. گھر میں ایک بالغ شامل ہے جو پچھلے 30 دنوں سے ہر ہفتے 10 گھنٹے کام کر رہا تھا (سبسڈی یا غیر سبسڈی والا).

b. گھرانے میں کسی شخص کو عذر لاحق ہو (اسے وفاقی معذوری کی مراعات ملتی ہوں یا مسلسل نقد اعانت ملتی ہو یا WeCARE SSI کی ٹریک پر ہو)؛

c. گھرانے میں کوئی فرد 60 سال یا اس سے زائد عمر کا ہو؛

d. 18 سال یا اس سے زائد عمر کا کوئی فرد عوامی اعانت کے عملی تقاضوں سے اس وجہ سے مستثنی ہو کہ ایک معذور فیملی ممبر کی دیکھ بھال کے لیے گھر پر ان کی ضرورت ہو؛

e. گھرانے میں کوئی ایسا فرد شامل ہو جس نے امریکی مسلح افواج میں خدمت انجام دی ہو؛

f. گھرانہ DHS کی اس پناہ گاہ میں رہ رہا ہو جو بند ہونے والی ہو؛

g. گھرانہ کو CityFHEPS کے اہل قرار دینے والے پروگرام کے ذریعے بھیجا گیا تھا، اورDSS نے یہ تعین کیا کہ پناہ گاہ میں قیام کو مختصر کرنے کے لیے CityFHEPS کی ضرورت تھی۔ (اگر آپ DHS کی پناہ گاہ میں ہوں اور آپ پر اس کا اطلاق ہوتا ہو تو آپ کے کیس مینیجر کو آپ کے کیس ریکارڈ میں ایک نوٹ نظر آئے گا۔)

اگر آپ DHS یا HRA شیلٹر سے باہر منتقل ہو رہے ہیں، تو آپ کی فیمیلی اس رہائش گاہ میں نہیں رہنی چاہئے جس میں آپ اب پچھلے سال کے اندر کسی بھی وقت منتقل ہو رہے ہیں۔ اگر CityFHEPS اور آپ کی اہلیت کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو تو آپ کو اپنے ہاؤسنگ اسپیشلسٹ یا کیس مینیجر سے بات کرنی چاہیے۔

**اگر میں DHS کی پناہ گاہ میں رہ رہا ہوں تو کیا میں اپنے اپارٹمنٹ کے لیے درخواست فیس ادا کرنے میں مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ DHS کی پناہ گاہ میں رہ رہے ہیں تو ہم آپ کے اپارٹمنٹ کے لیے درخواست ادا کریں گے۔ اگر آپ کو مدد درکار ہو تو اپنے کیس مینیجر سے بات کریں۔

**اگر مجھے سڑک پر بے گھری کا سامنا ہو رہا ہو تو کیا مجھے CityFHEPS مل سکتا ہے؟**

اگر آپ کو سڑک پر بے گھری کا سامنا ہو رہا ہے، ڈراپ ان سنٹر میں قیام کر رہے ہیں، یا عبوری رہائش کی سیٹنگ میں رہ رہے ہیں تو، CityFHEPS کا اہل ہونے کے واسطے آپ کو DHS کے معاہدہ بند فراہم کنندہ کی جانب سے خدمات موصول ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ ڈراپ ان سنٹر، عبوری رہائشی ادارے یا براہ راست سڑک سے سے الگ رکھوائے جانے کے بعد مستقل رہائش میں رہ رہے ہوں تو بھی آپ CityFHEPS کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

آپ پر اب بھی درج ذیل بنیادی CityFHEPS کی اہلیت کا معیار پورا کرنا لازم ہے:

1. مجموعی آمدنی لازمی طو پر وفاقی سطح افلاس کے 200% پر یا اس سے نیچے ہو*،
2. نقد اعانت پر ہوں، اگر اہل ہوں؛
3. کرایے میں اعانت کے کسی دیگر پروگرام کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہوں؛

★ اگر آپ اقل اجرت کمانے والے تنہا بالغ ہیں اور کم سے کم 35 گھنٹے فی ہفتہ کام کرتے ہیں تو، آپ کی مجموعی آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 200% سے زائد ہو سکتی ہے۔

اگر CityFHEPS اور آپ کی اہلیت کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو تو آپ کو اپنے ہاؤسنگ اسپیشلسٹ یا کیس مینیجر سے بات کرنی چاہیے۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر میں CityFHEPS کے لیے اہل ہوں تو مجھے کیسے معلوم ہوگا؟**
جب آپ کو "خریداری کا خط" کا "گھرانے میں حصہ داری کا خط" ملے گا تب آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ CityFHEPS کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ یہ خطوط DSS سے جاری ہوتے ہیں اور آپ کے ہاؤسنگ اسپیشلسٹ یا کیس مینیجر کے ذریعہ آپ کو فراہم کیے جائیں گے۔ یہ خطوط آپ کو مل جانے پر، آپ رہائش تلاش کرنا شروع کر سکتے ہیں۔

رہائش آپ کو مل جانے پر، آپ کو اپنے ہاؤسنگ اسپیشلسٹ یا کیس مینیجر کو بتانا ضروری ہے۔ وہ مطلوبہ دستاویزات جمع کروانے میں آپ کی مدد کریں گے تاکہ DSS یہ تعین کر سکے کہ آیا آپ CityFHEPS کے لیے اہل ہیں اور آیا آپ کی رہائش پروگرام کے لیے اہل قرار پاتی ہے۔

**کیا CityFHEPS پانے کے لیے مجھے نقد اعانت (Cash Assistance) پر ہونا ضروری ہے؟**
اگر آپ کا گھرانہ نقد اعانت کا اہل تو آپ کو وہ مراعات موصول ہونا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کے کیس پر آپ پر کوئی "پابندی" نہیں ہونی چاہیے۔ پابندی اس وقت ہوتی ہے جب آپ یا آپ کے گھرانے کا کوئی فرد HRA کے اصولوں کی تعمیل نہیں کرتا ہے اور آپ کے گھرانے کو کم مراعات ملتی ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے گھرانے میں کسی پر پابندی عائد ہے تو CityFHEPS آپ کو مل پانے سے پہلے اس کا تصفیہ کروانے کے لیے آپ کو DSS/HRA کے جاب سنٹر پر جانا ضروری ہے۔

**میں CityFHEPS کس طرح حاصل کرتا رہ سکتا ہوں؟**
CityFHEPS پروگرام عام طور پر چار سالانہ تجدید تک فراہم کرتا ہے، نیز "معقول وجہ" کے مدنظر اضافی توسیع دستیاب ہے۔

اس پانچ سال زیادہ سے زیادہ کا اطلاق ان گھرانوں پر نہیں ہوتا ہے جس میں 60 سال یا زائد عمر کا کوئی فرد شامل ہو یا جس میں وفاقی معذوری کی مراعات حاصل کرنے والا کوئی بالغ فرد شامل ہو۔ تجدید اہلیتی تقاضے پورا کرتے رہنے والے گھرانوں اور فنڈنگ کی بدستور دستیابی کے ساتھ مشروط ہے۔

**خریداری اور گھرانے میں حصہ داری کے خطوط کے ساتھ میں کیا کروں؟**
DSS کی جانب سے CityFHEPS پانے کے لیے امکانی طور پر اہل کے بطور آپ کی نشاندہی ہو جانے پر، آپ کا کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ آپ کو دو دستاویزات: خریداری کا خط اور گھرانے میں حصہ دار کا خط دے گا۔

یہ خطوط موصول ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ یقینی طور پر CityFHEPS کے لیے اہل ہیں۔ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ آپ امکانی طور پر CityFHEPS کے لیے اہل ہیں۔ پروگرام کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین آپ کو ایک اہل قرار پانے والا اپارٹمنٹ، سنگل روم آکیوپنسی (single room occupancy, SRO) یونٹ یا کمرہ آپ کو مل جانے اور آپ کے کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کے ذریعہ مطلوبہ دستاویزات کا پیکیج DSS کو جمع کروا دینے کے بعد ہی ہوگا۔

خریداری اور گھرانے میں حصہ داری کے خطوط آپ کو موصول ہو جانے پر، ان کا جائزہ لیں اور اپنے کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کے ساتھ ان پر گفتگو کریں۔ اگر ان خطوط پر درج ذاتی اور آمدنی کی معلومات درست ہیں تو آپ کا کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ مستقل رہائش تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنا شروع کرے گا۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**خریداری اور گھرانے میں حصہ داری کے خطوط کے ساتھ میں کیا کروں *(جاری)*؟**
رہائش تلاش کرنا اور ڈھونڈنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ تلاش کرتے وقت، آپ کو اپنے لیے انتہائی اہم چیز پر پوری طرح سے غور کرنا چاہیے۔ مثلاً، آپ کو خاندان، اسکول، ڈاکٹرز وغیرہ کے پاس رہنے کے ضرورت ہو سکتی ہے۔

**ان خطوط سے گھر تلاش کرنے میں مجھے کس طرح مدد ملتی ہے؟**
جب آپ رہائش تلاش کریں گے اور مالکان مکان سے بات کریں گے تو خریداری کا خط آپ، آپ کے مالک مکان اور جس کسی بروکر کے ساتھ آپ کام کر سکتے ہیں اس کے لیے ایک رہنما کا کام کرے گا۔

خریداری کا خط، آپ، آپ کے مالک مکان اور/یا بروکر کو بتائے گا:

- کرایے کی وہ اعلی ترین رقم جس کی اجازت CityFHEPS آپ کے گھرانے کے سائز اور رہائش کی قسم کے اختیارات (یعنی اپارٹمنٹ، کمرہ، سنگل روم آکیوپنسی (SRO)) کے لیے دے گا؛
- کچھ مالی مراعات جو DSS مالک مکان یا بروکر کو پیش کر سکتا ہے؛ *اور*
- دستاویزات کی وہ قسمیں جو CityFHEPS کی اہلیت کی تشخیص جاری رکھنے کے لیے مالک مکان یا بروکر کی جانب سے درکار ہوتی ہیں۔

گھرانے میں حصہ داری کا خط **صرف آپ کے استعمال کے لیے** ہے۔ یہ امکانی مالکان مکان یا بروکرز کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے **نہیں** ہے۔

گھرانے میں حصہ داری کا خط آپ کو بتاتا ہے:

- آپ کے امکانی CityFHEPS کے کرایہ میں اعانت کے تکملہ کی رقم؛
- کرایے کا کتنا حصہ آپ کو ادا کرنا پڑ سکتا ہے (آپ کا "گھرانے کا حصہ")؛ *اور*
- ہمارے ذریعہ CityFHEPS موصول کرنے کے لیے آپ کے امکانی طور پر اہل پائے جانے کی وجوہات۔

یہ خط گھرانے کی آمدنی کی ان معلومات کی تفصیلات بھی بتاتا ہے جو DSS کے پاس آپ اور/یا آپ کے گھرانےکے لیے فائل میں موجود ہے۔ ضروری ہے کہ آپ ان معلومات کے درست ہونے کو یقینی بنانے کے لیے ان کا جائزہ لیں۔ اگر آپ کو CityFHEPS کے لیے منظوری مل جاتی ہے تو آپ کے گھرانے کی حتمی حصہ داری کے ساتھ DSS کی جانب سے ایک خط ملے گا۔ اگر آپ کے گھرانے کی حصہ داری کا خط آپ کو موصول ہونے کے بعد سے آپ کی معلومات تبدیل ہوئی ہیں تو آپ کی منظوری کے خط کے بقول آپ کو جتنی رقم ادا کرنی ہے وہ مختلف ہو سکتی ہے۔ آپ کی منظوری کے خط میں وہ درست رقم درج ہے جو آپ کو ادا کرنی ہے۔

**CityFHEPS کا استعمال کرکے میں کس قسم کی رہائش کرایے پر لے سکتا ہو؟ میں اپنا CityFHEPS کہاں استعمال کر سکتا ہوں؟**
آپ CityFHEPS کو نیو یارک اسٹیٹ کے اندر کہیں بھی پورا اپارٹمنٹ کرایہ پر لینے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ CityFHEPS کو نیو یارک سٹیٹ میں کہیں بھی اپارٹمنٹ کرایہ پر لینے یا نیو یارک شہر کے پانچ (5) بلدیات کے اندر کسی اپارٹمنٹ یا سنگل روم اوکوپنسی (SRO) یونٹ میں ایک کمرہ کرایہ پر لینے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس دستاویز میں فراہم کردہ کرایہ اور یوٹیلیٹی کی رقم صرف اس صورت میں درست ہے جب آپ نیو یارک شہر میں منتقل ہوتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک شہر سے باہر لیکن اسٹیٹ کے اندر ہی جانے پر غور کر رہے ہیں تو ریاست بھر میں رقوم تلاش کرنے کے لے براہ کرم DSS CityFHEPS کی ویب سائٹ پر جائیں https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page۔

SRO یونٹس صرف ایک بالغ فرد والے گھرانوں کے لیے دستیاب ہیں۔ CityFHEPS نیو یارک سٹی کے اندر زیادہ سے زیادہ جتنے کرایے کی اجازت دے گی وہ $1,967 فی ماہ ہے۔

تنہا کمرہ زیادہ سے زیادہ دو افراد کے گھرانے کے لیے دستیاب ہے۔ CityFHEPS نیو یارک سٹی کے اندر زیادہ سے زیادہ کرایہ $1,100 ڈالر فی مہینہ ہے۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**CityFHEPS کا استعمال کرکے میں کس قسم کی رہائش کرایے پر لے سکتا ہو؟ میں اپنا CityFHEPS کہاں استعمال کر سکتا ہوں *(جاری)*؟**

دائیگی کے معیارات سبسڈی کی وہ زیادہ سے زیادہ رقم ہوتی ہے جو HRA مالک یا مکان مالک کو CityFHEPS کے کرایہ دار کی جانب سے ادا کرے گا۔ HRA کی ادائیگی کے معیارات نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) کے اختیار کردہ سیکشن 8 کے معیار کی بنیاد پر ہیں۔

یہ ادائیگی کے معیارات بیڈ رومز کی تعداد اور آیا کل یا بعض یوٹیلیٹیز شامل ہیں اس کی بنیاد پر مختلف ہوتے ہیں۔ اگر کرایے میں کوئی یوٹیلٹیز شامل ہیں تو یہ جاننا یقینی بنائیں کہ وہ کون سی ہیں۔ ذیل کا جدول وہ زیادہ سے زیادہ رقوم جو HRA بیڈ رومز کی تعداد کی بنیاد پر ادا کرے گا اور جو کوئی یوٹیلیٹیز کرایہ میں شامل ہیں ان کی اقسام کو دکھاتا ہے۔

ادائیگی کے معیارات سے مراد بیڈ رومز کی وہ زیادہ سے زیادہ تعداد ہے جس پر HRA سبسڈی دے گا۔ ادائیگی کے معیارات صرف ان لوگوں کی تعداد پر مبنی ہوتے ہیں جو مدد یافتہ گھرانہ میں رہتے ہیں۔ HRA ہر دو افراد کے لیے ایک خوابگاہ/سونے کی جگہ کی اجازت دے گی۔ مثال کے طور پر، اگر 3 لوگ ہیں تو، HRA 2 خوابگاہ کے لیے ادائیگی کرے گی کیونکہ اس سے ایک سونے کی جگہ میں 2 اور دوسری جگہ میں 1 فرد کو سہولت حاصل ہوگی۔

نیچے دیے گئے چارٹ پر رقم صرف اس صورت میں درست ہے جب آپ نیو یارک شہر میں منتقل ہوتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک شہر سے باہر لیکن اسٹیٹ کے اندر ہی جانے پر غور کر رہے ہیں تو ریاست بھر میں رقوم تلاش کرنے کے لیے براہ کرم DSS CityFHEPS کی ویب سائٹ پر جائیں https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page۔

| فیملی کا سائز | بیڈ رومز کی تعداد | تمام یوٹیلیٹیز شامل ہیں | کھانا پکانے کی گیس اور بجلی کے بغیر | صرف کھانا پکانے کی گیس کے ساتھ | صرف بجلی کے ساتھ | کوئی یوٹیلیٹیز شامل نہیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سنگل روم آکیوپنسی (SRO) | $1,967 | $1,868 | $1,893 | $1,942 | $1,783 |
| 1 | 0 (اسٹوڈیو) | $2,624 | $2,525 | $2,550 | $2,599 | $2,440 |
| 1 یا 2 | 1 | $2,696 | $2,584 | $2,612 | $2,668 | $2,484 |
| 3 یا 4 | 2 | $3,027 | $2,885 | $2,918 | $2,994 | $2,762 |
| 5 یا 6 | 3 | $3,777 | $3,606 | $3,643 | $3,740 | $3,464 |
| 7 یا 8 | 4 | $4,070 | $3,868 | $3,910 | $4,028 | $3,705 |
| 9 یا 10 | 5 | $4,680 | $4,448 | $4,494 | $4,634 | $4,263 |
| 11 یا 12 | 6 | $5,291 | $5,059 | $5,105 | $5,245 | $4,874 |
| 13 یا 14 | 7 | $5,901 | $5,669 | $5,715 | $5,855 | $5,484 |
| 15 یا 16 | 8 | $6,512 | $6,280 | $6,326 | $6,466 | $6,095 |
| 17 یا 18 | 9 | $7,122 | $6,890 | $6,936 | $7,076 | $6,705 |
| 19 یا 20 | 10 | $7,733 | $7,501 | $7,547 | $7,687 | $7,316 |

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر مجھے اپنے شاپنگ لیٹر کے مقابلے میں کم خوابگاہ والا اپارٹمنٹ ملے تو کیا ہوگا؟**
HRA اصل کرایے کی بنیاد پر معیاری ادائیگی کرے گی، نہ کہ شاپنگ لیٹر کے مطابق۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کے شاپنگ لیٹر میں لکھا ہے کہ آپ 3 خوابگاہ والا اپارٹمنٹ کرایہ پر لے سکتے ہیں، لیکن آپ 2 خوابگاہ والا اپارٹمنٹ کرایہ پر لیتے ہیں تو، ہم 2 خوابگاہ والے اپارٹمنٹ کے معیار کے مطابق ادائیگی کریں گے۔ اگر جو مخصوص یونٹ آپ دیکھ رہے ہیں اس کے بارے میں آپ کے سوالات ہیں یا آپ کو کسی خاص حالات کا سامنا ہو سکتا ہے تو، اپنے کیس مینیجر سے جائزہ کے لیے یونٹ کو بڑھانے کو کہیں۔

**اگر مجھے اپنے شاپنگ لیٹر کے مقابلے میں زیادہ خوبگاہوں والا اپارٹمنٹ ملے تو کیا ہوگا؟**
HRA آپ کے گھرانہ کے لیے زیادہ سے زیادہ یونٹ کے سائز کی بنیاد پر معیاری ادائیگی کرے گی۔ مثال کے طور پر ، اگر آپ کے شاپنگ لیٹر میں کہا گیا ہے کہ آپ 2 بیڈروم والے اپارٹمنٹ کو کرایہ پر لے سکتے ہیں تو ، آپ 3 بیڈروم والے اپارٹمنٹ کو کرایہ پر لے سکتے ہیں جب تک کہ یہ 2 بیڈروم اپارٹمنٹ کے لئے ادائیگی کے معیار پر پورا اترتا ہے (اگر آپ نیو یارک سٹی کے اندر ہی منتقل ہو رہے ہیں تو، 2 بیڈ روم والے اپارٹمنٹ کے لیے معیاری ادائیگی $3,027 ہے)

**اگر مجھے ایسا اپارٹمنٹ ملتا ہے جہاں کرایہ کی رقم اتنی ہی ہے جتنی تمام یوٹیلٹیز کے ساتھ ہے، لیکن یوٹیلیٹیز شامل نہیں ہیں تو کیا ہوگا؟ کیا میں کرایہ کم کرنے کے لیے مکان مالک سے سودا کر اور وہ فرق میں ادا کر سکتا ہوں؟**
HRA یوٹیلیٹز والے اپارٹمنٹ کے لیے رقم ادا نہیں کرے گا اگر وہ مکان مالک کے ذریعے فراہم نہیں کرائی جا رہی ہوں۔ مکان مالکوں پر ایک فارم پُر کر کے HRA کو یہ بتانا ضروری ہے کہ اگر کوئی یوٹیلیٹز فراہم کرائی جا رہی ہیں تو وہ کون ہیں۔ اور نہیں، مکان مالک کے ساتھ ضمنی سودوں کی اجازت نہیں ہے۔

**کیا اپارٹمنٹ/یونٹ کے لیے DSS کے کوئی دیگر تقاضے ہیں؟**
**ہاں۔** سیکشن 8 کی طرح ہی، تمام کرایوں کو کرایہ کی معقولیت کا ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے، مطلب یہ کہ چارج کیا جانے والا کرایہ مضافات میں دیگر ملتی جلتی یونٹس سے زیادہ نہیں ہو سکتا ہے۔ کرایہ کی معقولیت کا ٹیسٹ تمام کاغذی کام DSS کے پاس جمع کروا دینے کے بعد ہوگا۔

**کرایے میں مجھے جتنی رقم ادا کرنی ہے اس کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟**
کرایے میں آپ کو جتنی رقم ادا کرنی ہے اس کا تعین کئی ایک عوامل سے کیا جاتا ہے۔ ان میں آپ کے گھرانے کا سائز اور گھرانے کے ہر فرد کی آمدنی شامل ہوتی ہے۔

**مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ CityFHEPS میرے کرایہ دار کو کتنی ادائیگی کرنے والی ہے اور مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟**
اگر آپ کو CityFHEPS کے لیے منظور کر لیا جاتا ہے تو ہم آپ کو منظوری کا ایک نوٹس بھیجیں گے جس میں یہ تفصیل ہوگی کہ ہم آپ کے مالک مکان کو کتنی ادائیگی کریں گے اور کتنی ادائیگی آپ کو کرنا ضروری ہے۔

**ماہانہ ادائیگیاں کیسے کام کرتی ہیں؟**
DSS آپ کے کرایہ کے CityFHEPS والے حصے کے لیے ہر ماہ آپ کے مکان مالک کو ایک چیک جاری کرے گا۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر میرے لیز کے بقول تمام کرایہ ایک مخصوص تاریخ تک ادا کرنا ہے تو کیا ہوگا یا تاخیر فیس ہوگی؟**
تاوقتیکہ ادائیگی اس ماہ میں کی جاتی ہے جس ماہ میں کرایہ واجب الادا ہے تو اسے تاخیر نہیں مانا جاتا ہے۔ مکان مالک اب بھی تاخیر فیس چارج کرنے کی کوشش کر سکتا ہے، مگر محض تاخیر فیس کے مدنظر آپ کو بے دخل نہیں کیا جا سکتا۔

**کیا میرا مکان مالک تاخیر فیس پر مجھے عدالت میں گھسیٹ سکتا ہے؟**
آپ کا مکان مالک محض تاخیر فیس کے لیے آپ کو کامیابی سے ہاؤسنگ کورٹ میں نہیں گھسیٹ سکتا ہے۔ کان مالک کرایہ کے CityFHEPS والے حصے کے لیے چارج کردہ تاخیر فیس کے مدنظر آپ کو چھوٹے موٹے دعووں کی عدالت میں بھی نہیں گھسیٹ سکتا ہے۔ تاہم اگر آپ کے حصے میں تاخیر ہو گئی ہے اور لیٹ فیس چارج ہوا ہے تو وہ آپ کو چھوٹے موٹے دعووں کی عدالت میں گھسیٹ سکتے ہیں۔ گر آپ کو اپنے گھرانہ کی حصہ داری ادا کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے تو، Homebase سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ کون سی مدد دستیاب ہے۔ **311** ر کال کر کے اپنے قریب میں Homebase کا مقام پتہ کریں۔

**کیا مجھے تب تک اسی رہائشی یونٹ میں رہنے کا حق ہے جب تک مجھے CityFHEPS موصول ہوتا ہے؟**
عام طور پر، اگر آپ کسی کرایہ منضبط یونٹ میں ہوں تو آپ اسی یونٹ میں رہ سکتے ہیں۔ بصورت دیگر، آپ کی یونٹ میں رہنے کا آپ کا حق آپ کی لیز کی شرائط پر مبنی ہے۔

**اگر میری آمدنی تبدیل ہو جاتی ہے اور میں اپنا زر تعاون ادا نہیں کر سکتا ہوں تو کیا ہوگا؟**
آپ اپنی نئی آمدنی کی دستاویزی شہادت منسلک کر کے HRA کے پاس ترمیم کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ اپنے CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے لیے تکملہ کی رقم میں ترمیم کی درخواست (Request for a Modification to your CityFHEPS Rental Assistance Supplement Amount) https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر آن لائن دیکھ سکتے ہیں۔

**میرا کرایہ کب بڑھ سکتا ہے؟**
اگر آپ کرایہ منضبط یونٹ میں ہوں تو آپ کا کرایہ صرف قانون کے ذریعہ مجاز رقم تک بڑھ سکتا ہے۔ اگر آپ کرایہ منضبط یونٹ میں نہیں ہوں تو آپ کا مالک مکان لیز کی تجدید کے وقت آپ کا کرایہ بڑھا سکتا ہے۔ آپ اپنی تجدید کے ساتھ کرایے میں اضافہ کی رقم کے ہمراہ ایک دستخط شدہ لیز جمع کروا سکتے ہیں یا آپ CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے لیے تکملہ کی رقم میں ترمیم کی درخواست استعمال کر سکتے ہیں جو https://www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر آن لائن دستیاب ہے۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر میرا مالک مکان کہتا ہے کہ مجھے اضافی ادائیگی کرنی ہوگی تو کیا ہوگا؟**
آپ کا مالک مکان اس سے زیادہ ادائیگی کرنے کو نہیں کہہ سکتا ہے جتنا آپ کے گھرانے کی حصہ داری میں مذکور ہے الّا یہ کہ آپ کا پناہ گاہ کا بھتہ کم ہو جائے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو وہ فرق آپ کو ادا کرنا ہوگا۔ آپ کا مالک مکان اس وجہ سے سکیورٹی ڈپازٹ جمع کروانے کو نہیں کہہ سکتا ہے کہ DSS انہیں سکیورٹی کے لیے واؤچر دے رہا ہے۔ اگر آپ کا مالک مکان آپ سے زائد پیسے ادا کرنے کو کہتا ہے تو براہ کرم اپنے کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کو بتائیں۔

**اگر آپ کا مالک مکان کہتا ہے کہ وہ CityFHEPS نہیں لے سکتا ہے تو کیا ہوگا؟**
مالکان مکان/بروکرز آپ کو اس وجہ سے کرایے پر دینے سے منع نہیں کر سکتے کہ آپ کو CityFHEPS مل رہا ہے۔ اسے "آمدنی کے ذریعہ" میں امتیاز کہا جاتا ہے اور یہ نیو یارک سٹی میں غیر قانونی ہے۔ اگر کوئی مکان مالک آپ کو کرایے پر دینے سے اس وجہ سے انکار کر رہا ہے کہ آپ کو CityFHEPS ملتا ہے تو، براہ کرم NYC کمیشن برائے انسانی حقوق (Commission on Human Rights) کو 212-416-0197 پر کال کریں۔

**اگر مجھے مدد درکار ہو یا CityFHEPS کے بارے میں سوال ہو تو مجھے کس کو کال کرنی چاہیے؟**
آپ کو درکار ہو سکنے والے کسی بھی سوال کے بارے میں آپ کو سب سے پہلے اپنے کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ سے بات کرنی چاہیے.

**اگر مجھے کرایہ ادا کرنے میں پریشانی ہو یا پناہ گاہ چھوڑنے کے بعد مجھے رہائش کے دیگر مسائل درپیش ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**
پناہ گاہ چھوڑنے کے بعد، اگر آپ NYC میں رہتے ہیں، تو آپ بعد کی دیکھ بھال کی خدمات کے لیے Homebase سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنا کرایہ ادا کرنے میں پریشانی ہو رہی ہے بشمول لیز کی تجدید پر کرایے میں کسی اضافہ کی بابت فوری طور پر ان سے رابطہ کریں۔ اپنے قریب ترین ہوم بیس کا مقام تلاش کرنے کے لیے **311** پر کال کریں یا اپنے غیر رہائشی فراہم کنندہ کو کال کریں۔ اگر آپ NYC سے باہر لیکن NYS میں رہ رہے ہیں، تو براہ کرم 718-557-1399 پر کال کریں۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**آپ کو جان لینا چاہیے**

- مالک مکان یا بروکر CityFHEPS قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکتے۔ CityFHEPS کو قبول کرنے سے انکار NYC کے انسانی حقوق کے قانون (NYC Human Rights Law) کے تحت یا NYS کے انسانی حقوق کے قانون (NYC Human Rights Law) کے تحت آمدنی میں امتیاز کا ذریعہ بن سکتا ہے۔
- ضمنی سودے ممنوع ہیں۔ ضمنی ڈیل تب ہوتی ہے جب مکان مالک یا بروکر آپ سے اضافی پیشگی یا پھر جاری ادائیگیاں کرنے کا کہتا ہے۔
- اگر مکان مالک یا بروکر CityFHEPS سے منع کرتا ہے یا آپ سے ضمنی سودے کا کہتا ہے تو، NYC کمیشن برائے انسانی حقوق کو 212-416-0197 پر کال کریں۔
- HRA کے سیکیورٹی واؤچر کو سیکیورٹی کی ادائیگی مانا جاتا ہے۔ مالک مکان یا بروکر آپ سے سکیورٹی کے لیے کوئی اضافی پیسے ادا کرے کا نہیں کہہ سکتے۔
- بروکرز کو آپ سے اس وجہ سے کوئی اضافی بروکر کی فیس ادا کرنے کو نہیں کہنا چاہیے کہ DSS بروکر کی فیس ادا کر رہا ہے۔
- آپ کا مالک مکان کسی مختلف یونٹ میں منتقل ہونے پر مجبور نہیں کر سکتا۔
- آپ نے اپنی تشریف آوری کے وقت جو یونٹ دیکھی تھی وہ اگر وہی یونٹ نہیں ہے جو آپ کے منتقل ہو کر آنے کے وقت آپ کو پیش کی گئی ہے تو فوری طور پر NYC کمیشن برائے انسانی حقوق کو 212-416-0197 پر کال کریں۔

*CityFHEPS فیڈرل سیکشن 8 پروگرام کے ساتھ اس ضمن میں مماثل ہے کہ فنڈنگ کی دستیابی سے مشروط، یہ اعانت بشمول متعین رقوم کی کرایہ میں اعانت ان مکان مالکان اور کرایہ داروں کو فراہم کرتا ہے جو مکان مالک اور کرایہ دار کا تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں۔ کوئی بھی معاہدہ جاتی تعلق کُلی طور پر پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار اور پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار کے مکان مالک کے درمیان ہوگا۔*